**نیو یارک سٹی** ایک مضبوط اور فعال افرادی قوت کے ساتھ خاندانوں کے لیے مددگار شہر ہے، جس میں حاملہ خواتین اور بچے والے لوگ بھی شامل ہیں۔ این وائی سی کمیشن آن ہیومن رائٹس آپ کے افرادی قوت کو مضبوط اور آپ کی ملازمت کو محفوظ رکھنے میں آپ کی مدد کرنا چاہتا ہے۔

سٹی کا انسانی حقوق سے متعلق قانون مالکان سے حمل، بچے کی پیدائش یا متعلقہ طبی حالت کے لئے ملازم کی ضروریات کو پورا کرنے والے معقول سہولیات فراہم کرنے کا مطالبہ کرتا ہے اورمالکان سے اس بات کا بھی تقاضا کرتا ہے کہ وہ قانون کے تحت ملازمین کے حقوق کی تحریری اطلاع فراہم کریں۔

## مالکان

ایک ایسی معقول سہولت پر اتفاق کرنے کے لیے اپنے ملازم کے ساتھ مل کر کام کرنے کے لیے وقت نکالیں جو کہ:

- کام کی جگہ پر آپ کے ملازم کے تعاون کی قدر کرتا ہو
- اپنے نوکری کے لازمی تقاضوں کو پورا کرنے میں آپ کے ملازم کی مدد کرتا ہو۔
- اس وقت تک کام کی جگہ پر اسے برقرار رکھتا ہو جب تک وہ کام کرنے کے قابل ہو اور کام کو جاری رکھنا چاہے
- آپ کے ملازم کے لئے صحیح ہو اور آپ کے کاروبار میں بے جا پریشانی کا سبب نہ ہو

مناسب سہولیات کی درخواست کو نظر انداز کرنا یا ملازم کے درخواست کرنے کے بعد اسے برطرف کرنا آپ کو نقصانات اورسول جرمانے کے خطرے میں ڈال سکتا ہے۔ قانون کے تحتاپنے فرائض سے آگاہ رہیں - مزید معلومات کے لیے کمیشن سے رابطہ کریں، جس میں یہ بھی شامل ہے کہ قانون کے تحت آپ کے لیے اپنے ملازمین کو ان کے حقوق کے بارے میں کس طرح مطلع کرنا لازمی ہے۔

## ملازمین

کام جاری رکھنے یا ملازمت برقراررکھنے کے لیے اگر آپ کو معقول سہولت کی ضرورت ہو، تو آپ اس کی درخواست کر سکتی ہیں۔ مثالوں میں شامل ہیں:

- وقفہ (مثلا باتھ روم استعمال کرنے، پانی کے زیادہ استعمال کی سہولت، یا ضروری آرام فراہم کرنے کے لیے)
- دستی مزدوری کے ساتھ مدد
- آپ کے کام کے ماحول میں تبدیلیاں
- ماقبَل وِلادَت ضرورتوں کے لیے چھٹی
- چھاتی سے دودھ نکالنے کے لئے صاف اورتنہائی والی جگہ اور وقفہ
- ہلکی ڈیوٹی یا کسی کم سخت یا خطرناک پوزیشن پر عارضی منتقلی
- بچے کی پیدائش سے متعلق طبی حالات سے نمٹنے کے لئے چھٹی

اگر کسی مناسب متبادل کے بغیر آپ کی مناسب سہولت کی درخواست کو نظر انداز یا مسترد کردیا گیا ہے، تو کمیشن میں کسی سے بات کریں۔



**معقول سہولت کی قسم، جو کہ ملازم کے لئے مناسب ہو، ملازم اور مالک کی ضرورتوں کے مطابق تیار کی جانی چاہئے۔ کام کی جگہ پر خواتین کو برقرار رکھنے میں مدد کے لئے کمیشن کو فون کریں۔**

NYC

این وائی سی کمیشن
آن ہیومن رائٹس

**NYC.gov/HumanRights** یا **311** پر کال کریں

@NYCCHR

بل دے بلاسیو، میئر ● کارمیلن پی. ملالس، کمشنر / چیئرمین